مولانا نصراللہ منصورؒ کی شہادت

افغانستان میں جہاد کے بابرکت عمل کی تکمیل کے بعد اقتدار کی سیاست نے خانہ جنگی کا جو بازار گرم کر رکھا ہے اس نے ہر باشعور مسلمان کو مضطرب کر دیا ہے بعض راہ نماؤں کی ہٹ دھرمی اور بیرونی طاقتوں کی ریشہ دوانیوں نے سینکڑوں افغانوں کا بے گناہ خون کر دیا ہے اور گذشتہ دنوں افغانستان کے مجاہد اور غیور عالم دین مولانا نصر اللہ منصور بھی مصالحت کی تگ و دو کے دوران بارودی سرنگ پھٹنے سے اپنے دیگر رفقاء سمیت جام شہادت نوش کر چکے ہیں **انا للہ وانا الیہ راجعون** مولانا نصراللہ منصور افغانستان میں علماء کی سب سے بڑی جماعت حرکۃ انقلاب اسلامی کے نائب امیر تھے اور اہل حق کی روایتی حمیت کی علامت تھے اور ہمارے محترم اور مشفق دوست تھے اللہ تعالیٰ ان کی اور ان کے رفقاء کی مغفرت فرمائیں اور افغانستان کے راہ نماؤں کو توفیق دیں کہ وہ خانہ جنگی کا منحوس راستہ ترک کرتے ہوئے باھم اتحاد و اشتراک کے ساتھ افغانستان میں ایک مستحکم اسلامی حکومت کے قیام کی طرف پیش رفت کریں آمین یاالہ العالمین۔

مولانا محمد کاندھلویؒ

گذشتہ دنوں سیالکوٹ کے بزرگ عالم دین حضرت مولانا محمد علی کاندھلویؒ بھی ہمیں داغ مفارقت دے گئے **انا للہ وانا الیہ راجعون** مولانا مرحوم اسلاف کی نشانی تھے۔ وضعدار بزرگ تھے۔ علم اور کتاب ہی ان کا اوڑھنا بچھونا رہا اور ہزاروں افراد ان سے فیض یاب ہوئے کبھی کبھار ان کی خدمت میں حاضری کا موقع ملتا تھا تو یہ تسلی ہو جاتی تھی کہ ابھی کچھ لوگ باقی ہیں جن کے پاس حاضری کا قصد کیا جاسکتا ہے اب تو وہ پرانی طرز اور وضع ہی ناپید ہوتی جا رہی ہے اللہ تعالیٰ ہمارے حال پر رحم فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت مرحوم کی مغفرت فرمائیں اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازیں۔ آمین یاالہ العالمین

حضرت مولانا محمد اسحاق قریشیؒ

گذشتہ دنوں باغبانپورہ لاہور کے بزرگ عالم دین حضرت مولانا محمد اسحاق قریشیؒ فاضل دیو بند طویل